www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

ABC Certified

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 10 | بدھ، 05 فروری 2025ء بمطابق 06 شعبان 1446ھ | شمارہ 194 | قیمت 10 روپے

وزیر اعظم

سر اٹھاتی دہشتگردی کو پھر ختم کرینگے

قیام امن کیلئے پاک فوج کے بہادر افسران اور جوان قربانیاں دے رہے ہیں، ہم دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کر کے ملک کو امن کا گہوارہ بنائیں گے

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے مسائل حل کرنے کے لیے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے اور آپ کو آپ کا حق دلوائیں گے، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (اے پی پی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو ملک کا عظیم سفیر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت اور وزیر پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے لیے کوئی کسر نہیں چھوڑے گی، آپ کے عزم اور محنت کی بدولت ترسیلات زر میں تقریباً 30 فیصد کا اضافہ ہوا ہے، بیرون ملک پاکستانیوں کے گرین پاسپورٹ کو بحال کریں گے، ماضی کی حکومت کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے دہشت گردی کے ناسور نے دوبارہ سر اٹھایا ہے، ہم دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کر کے ملک کو امن کا گہوارہ بنائیں گے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار منگل کو یہاں اوور سیز پاکستانیز گلوبل فاؤنڈیشن کے کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ، وفاقی وزیر ہاؤسنگ اور چیئرمی سالک حسین اور وزیر مملکت برائے خزانہ علی پرویز ملک بھی موجود تھے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی ملک کے عظیم سفیر ہیں، اور سیز پاکستانیوں کا ملک میں بہت مقام کرتے ہیں، آپ ہر شعبے میں اپنی ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 46

آرمی چیف

بھارتی مہم جوئی کا بھرپور جواب دیں گے

آرمی چیف کی زیر صدارت 267 ویں کور کمانڈرز کانفرنس میں شرکاء نے مادرِ وطن کے امن و استحکام کے لیے شہدائے افواجِ پاکستان، قانون نافذ کرنیوالے اداروں اور پاکستانی شہریوں کی لازوال قربانیوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا

فورم نے درپیش خطرات کا مفصل جائزہ لیتے ہوئے علاقائی اور داخلی سلامتی کے منظر نامے پر روشنی ڈالی، شرکا کانفرنس نے لائن آف کنٹرول (ایل او سی) اور ورکنگ باؤنڈری کے ساتھ موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (ویب ڈیسک) چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ بھارتی فوجی قیادت کے کھوکھلے بیانات اور ہم جوئی کا بھرپور جواب دیا جائیگا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کی زیر صدارت 267 ویں کور کمانڈرز کانفرنس میں شرکاء نے مادر وطن کے امن و استحکام کے لیے شہدائے افواج پاکستان، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور پاکستانی شہریوں کی لازوال قربانیوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ فورم نے درپیش خطرات کا مفصل جائزہ لیتے ہوئے علاقائی اور داخلی سلامتی کے منظر نامے پر روشنی ڈالی، شرکا کانفرنس نے لائن آف کنٹرول (ایل او سی) اور ورکنگ باؤنڈری کے ساتھ موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق فورم نے یوم کشمیر (5 فروری (2025 کے موقع پر کشمیر کے بہادر لوگوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا، فورم نے بھارت کی جانب سے غیر قانونی طور پر متنازعہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیوں کی شدید مذمت کی اور انہیں ظلم کے امن اور استحکام کے لیے ایک سنگین خطرہ قرار دیا۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ شرکا کانفرنس نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کے حق خودارادیت کے لیے اپنی ..... بقیہ صفحہ 37 کالم نمبر

پیکا ایکٹ ترامیم سپریم کورٹ اور سندھ ہائیکورٹ میں چیلنج

پیکا ترمیم کو صحافیوں کے ذرائع تک رسائی کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے، پارلیمان کو اختیار نہیں کہ بنیادی حقوق کے خلاف قانون سازی کرے، درخواستیں

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پیکا ایکٹ میں ترامیم کو سپریم کورٹ اور سندھ ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق پیکا ایکٹ میں ترامیم کے خلاف درخواست شوری قیم خان کی جانب سے دائر کی گئی ہے جس میں پیکا ایکٹ میں کی گئی ترامیم کالعدم قرار دینے کی استدعا ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 31

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سینیٹ کمیٹی میں بھکاریوں سے متعلق سزاؤں میں اضافے کا بل منظور

بل میں بھکاریوں کی معاونت کرنے والوں اور بھیک مانگنے پر مجبور کرنے والوں کی سزاؤں میں بھی اضافہ کیا گیا

سہولت کاری کرنیوالوں اور بھیک مانگنے پر مجبور کرنے والوں کو 10 سال سزا ہوگی، بل کا متن

اسلام آباد (ویب ڈیسک) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ نے پرونشن آف سمگلنگ آف مائیگرنٹس اور بھکاریوں کے حوالے سے سزاؤں میں اضافے کا بل متفقہ طور پر منظور کرلیا۔ سینیٹر فیصل سلیم کی صدارت میں قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کا اجلاس ہوا جس میں حکومت کی جانب ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 32

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف اور سیز پاکستانیز گلوبل فاؤنڈیشن کے کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

حافظ نعیم

کشمیر پاکستان کی نظریاتی، جغرافیائی اور معاشی شہ رگ ہے

جماعت اسلامی کشمیری عوام کے حقوق کی جدوجہد میں انکے ساتھ کھڑی ہے اور ہر محاذ پر ان کے حق میں آواز اٹھاتی رہے گی

لاہور کے مال روڈ پر یوم یکجہتی کشمیر ریلی سے خطاب کریں گے، جہاں وہ نہ صرف کشمیریوں کے حق میں آواز بلند کریں گے

مہنگی بجلی کیخلاف آئندہ لائحہ عمل کا اعلان بھی کریں گے، عوام کشمیریوں سے اپنی محبت اور یکجہتی کا اظہار کریں، حافظ نعیم الرحمٰن

آج ملک بھر میں یوم یکجہتی کشمیر جوش و خروش سے منایا جائے گا جس میں عوام بھرپور شرکت کریں گے، امیر جماعت اسلامی

لاہور (ویب ڈیسک) جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ پاکستان کے 25 کروڑ عوام آزادی کشمیر کی صبح تک کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ آج ملک بھر میں یوم یکجہتی کشمیر جوش و خروش سے منایا جائے گا جس میں عوام بھرپور شرکت کریں گے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ وہ لاہور کے مال روڈ پر یوم یکجہتی کشمیر ریلی سے خطاب کریں گے، جہاں وہ نہ صرف کشمیریوں کے حق میں آواز بلند کریں گے بلکہ ملک میں جاری مہنگی بجلی کے خلاف احتجاجی تحریک کے آئندہ لائحہ عمل کا اعلان بھی کریں گے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ گھروں سے نکل کر کشمیریوں سے اپنی محبت اور یکجہتی کا اظہار کریں۔ امیر جماعت اسلامی نے اپنے بیان میں کہا کہ کشمیر پاکستان کی نظریاتی، جغرافیائی اور معاشی شہ رگ ہے اور اس کی آزادی ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 26

بانی پی ٹی آئی کے خط کا کوئی جواب آتا ہے تو ویلکم کرینگے، بیرسٹر گوہر

راولپنڈی (ویب ڈیسک) چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے خط کے متعلق جو بات خود پڑھ کر سنائے، میں نے اب تک یہ خط پڑھا اور دیکھا ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 30

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف جناح اسکوائر (اٹرپاس) کا افتتاح کر رہے ہیں

قوم اپنے مظلوم کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑی ہے، گورنر سندھ

کراچی (اے پی پی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا ہے کہ ہر برس کی طرح امسال بھی بھارت کے مجرمانہ ڈرٹی ڈرامہ جموں و کشمیر کے مظلوم کشمیر بھائیوں کی حق خود ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 45

حاجیوں کو 4 ارب 75 کروڑ روپے واپس کرنیکا اعلان

40 ہزار 10 فٹ کی 10 لاکھ 50 ہزار اور 25 فٹ پر محیط 11 لاکھ روپے ہوگا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزارت مذہبی امور نے 2024ء کے سرکاری تکبیر کے حاجیوں کو 4 ارب 75 کروڑ روپے واپس کرنے کا اعلان کیا ہے جس کے تحت حاجیوں کو 20 ہزار روپے سے ایک لاکھ 40 ہزار تک کی رقم واپس کرنے کیلئے سات کلیئرنگ ہاؤسز بنائے گئے ہیں، رواں سال حج 2025ء کے عازمین کے حج اخراجات بھی کم کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ 40 فٹ کی 10 لاکھ 50 ہزار اور 25 فٹ پر محیط حج 11 لاکھ روپے ہوگا۔ اس بات کا اعلان وفاقی وزیر مذہبی امور چوہدری سالک حسین نے منگل کو یہاں پریس بریفنگ میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 29

یوم یکجہتی کشمیر آج بھرپور انداز میں منایا جائے گا

ملک بھر میں مختلف سرکاری و غیر سرکاری و مذہبی تنظیموں کی جانب سے کشمیری مسلمانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے جلسے جلوس اور ریلیاں نکالی جائینگی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ملک بھر میں یوم یکجہتی کشمیر آج 5 فروری کو منایا جائے گا۔ کشمیر کے موقع پر دنیا بھر میں بھرپور احتجاج کیا جائے گا۔ کشمیر کے ساتھ یکجہتی کے لئے آج ملک بھر میں مختلف ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 31

صدر مملکت آصف زرداری دورہ چین کیلئے روانہ ہوگئے

اسحاق ڈار، محسن نقوی، سینیٹر سلیم مانڈوی والا اور ڈاکٹر عاصم بھی صدر مملکت کے ہمراہ تھے

آصف علی زرداری بیجنگ میں چین کی اعلیٰ سطح کی سیاسی قیادت سے ملاقاتیں کریں گے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری دورہ چین کیلئے اسلام آباد سے روانہ ہو گئے۔ صدر مملکت 4 سے 8 فروری تک دورہ چین کیلئے وفد کے ہمراہ اسلام آباد سے روانہ ہوئے، نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیر داخلہ محسن نقوی، سینیٹر سلیم مانڈوی ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 28

قانون کو اس کے غلط استعمال پر کالعدم قرار نہیں دیا جاسکتا، سربراہ آئینی بینچ

اگر ایک جرم فوجی کرے اور وہی جرم عام آدمی کرے تو ٹرائل الگ جگہ کیسے ہوسکتا ہے؟ جسٹس امین

اسلام آباد (ویب ڈیسک) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ کے سربراہ جسٹس امین الدین خان نے سویلینز کے ملٹری ٹرائل کے خلاف انٹرا کورٹ اپیل کی سماعت میں ریمارکس دیئے ہیں کہ قانون کو اس کے غلط استعمال پر کالعدم قرار نہیں دیا جاسکتا، اگر ایک جرم فوجی کرے اور وہی جرم عام آدمی کرے تو ٹرائل الگ جگہ کیسے ہوسکتا ہے؟ سپریم کورٹ کے جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بینچ نے فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل سے متعلق انٹرا کورٹ اپیل پر سماعت ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 34

وزیر داخلہ سندھ کا لاڑکانہ کا دورہ، امن وامان کا جائزہ لیا

پائی ڈیز پولیس فورس کا قیام عمل میں لایا جائیگا، وزیر داخلہ سندھ کا اجلاس سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر)۔ وزیر داخلہ سندھ ضیاالحسن لنجار نے لاڑکانہ کا دورہ کرتے ہوئے بالخصوص کچہ ایریاز امن وامان کی مجموعی صورتحال اور اس تناظر میں پولیس کی کارکردگی پر ایک جائزہ اجلاس کی صدارت کی۔ اس موقع پر آئی جی سندھ غلام نبی میمن انگے ساتھ تھے جبکہ ڈی آئی جی لاڑکانہ اور متعلقہ ضلعی ایس ایس پیز لاڑکانہ سے بھی اس اہم اجلاس میں شریک تھے۔ قبل ..... بقیہ صفحہ 3 کالم نمبر 39

راولپنڈی: صدر مملکت آصف زرداری دورہ چین کیلئے روانہ ہو رہے ہیں

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد بلے | ایگزیکٹو ایڈیٹر: شہزاد مصطفیٰ
پبلشر محمد حنیف نے آفسٹ پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، فرحان فلور، ریڈنگ روڈ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448 | 021-35210448
021-36450295
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

یوم یکجہتی کشمیر آج ملک بھر میں بھرپور منایا جائیگا

متفقہ وادیٔ کشمیر میں جاری بھارتی جبر وتسلط کے خلاف کشمیری عوام آج 5 فروری کو پاکستان، بھارت اور متفقہ وادیٔ کشمیر سمیت دنیا بھر میں یوم یکجہتی کشمیر منارہے ہیں۔ پاکستان میں ہر سال یہ دن سرکاری اور نجی سطح پر خصوصی اہتمام کے ساتھ منایا جاتا ہے جس کا مقصد بھارتی تسلط سے آزادی کی جدوجہد کرنے والے کشمیری بہنوں بھائیوں کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار اور ان پر بھارتی مظالم کی جانب اقوام عالم کی توجہ مرکوز کرانا ہے۔ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا پر آج کے دن کی مناسبت سے خصوصی اشاعتوں اور پروگراموں کا اہتمام کیا گیا ہے جبکہ یوم ملک قائم پاکستانی منفرد کی جانب سے یوم یکجہتی کشمیر کی مناسبت سے خصوصی ریلیوں، جلسوں، سیمینارز اور تصویری نمائشوں کا اہتمام کیا جارہا ہے۔

ہر سال متفقہ وادیٔ میں یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر پاکستان کے ساتھ اظہار محبت کیا جاتا ہے اور آج بھی متفقہ وادیٔ میں جوش و جذبے کے ساتھ پاکستان سے محبت اور یکجہتی کے اظہار کا اہتمام کیا گیا ہے۔ اس کے برعکس بھارت نے نام نہاد یوم جمہوریہ کے موقع پر کشمیریوں کا عرصہ حیات تنگ کرنے کے جن ریاستی ہتھکنڈوں کا آغاز کیا۔ ان کے تسلسل میں کوئی کمی نہیں آنے دی اور کالے قانون کے تحت کشمیریوں کے گھروں میں چھاپے اور تلاشی کی کارروائیاں جاری رکھی ہوئی ہیں جن کے دوران تین کشمیریوں کو بے دریغ گولیوں کا نشانہ بھی بنایا جارہا ہے۔

اقوام متحدہ کے رکن ممالک بالخصوص بڑی طاقتوں کی قیادتوں کے لیے یہ لمحہ فکریہ ہے کہ وہ دنیا کے تنازعات حل کرانے کے لیے اب تک اقوام متحدہ کو کیوں فعال نہیں بنا پائے۔ فلاقائی و عالم امن کی خاطر کشمیر، فلسطین، افغانستان اور اسلاموفوبیا کے حوالے سے اقوام متحدہ کی قراردادوں پر ان کی روح کے مطابق عمل درآمد اقوام متحدہ کے رکن ممالک کی ترجیح اول ہونی چاہیے۔ آج کے یوم یکجہتی کشمیر منانے کا مقصد بھی اقوام متحدہ اور اس کے رکن بالخصوص بڑے ممالک کی توجہ کشمیر میں جاری بھارتی مظالم کی جانب مبذول کرنا ہے۔ اگر اقوام متحدہ کی درجن بھر قراردادیں بھی دیرینہ مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے موثر ثابت نہیں ہو رہیں تو اس نہاد عالمی ادارے کی حیثیت پھر کیا معنی دارد؟

5 فروری یوم اظہار یکجہتی کشمیر

1975 میں سرکاری سطح پر کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے 5 فروری کو یوم یکجہتی کشمیر منانے کا آغاز ہوا، جب اس وقت کے پیپلز پارٹی حکومت کے سربراہ ذوالفقار علی بھٹو نے اپنی کابینہ کے اجلاس میں یہ تجویز پیش کی تھی۔ بعد ازاں 1990 سے جماعت اسلامی پاکستان کے امیر قاضی حسین احمد کی اپیل پر شروع ہوا، جب حکومت نے اپنی تنخواہ کا ایک دن کا حصہ ہفتہ وار چھٹی کو تبدیل کرکے 5 فروری کو یوم یکجہتی کشمیر منانے کا اعلان کیا۔ اس میں تمام قومی سیاسی جماعتوں سمیت پوری قوم شریک ہوگئی اور ہر سال بھارت کو یہ پیغام دیتی ہے کہ کشمیر ہماری شہ رگ ہے، کشمیر ہمارا تھا، ہمارا ہے اور ہمارا رہے گا، کشمیر ہمارا ہے اور کشمیر ہمارا رہے گا۔

ڈاکٹر سلیم اختر

دنیا کی بڑی جمہوریت کہلانے والے بھارت کی تاریخ کا سیاہ ترین باب مقبوضہ جموں و کشمیر میں 5 اگست 2019ء کو اٹھایا گیا جب بھارتی حکومت نے آرٹیکل 370 اور 35-اے کو آئین سے حذف کرکے ریاست کو دو حصوں میں تقسیم کرکے اسے براہ راست بھارتی وفاق کے ماتحت علاقہ بنا دیا۔ اس کے بعد سے مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالی کی جو داستان رقم کی جا رہی ہے اس پر ہر آنکھ اشکبار ہے۔ بھارتی فوج کے ظلم و ستم کا نشانہ بننے والے کشمیری شہداء کی تعداد 95 ہزار سے تجاوز کر چکی ہے۔ ہزاروں کشمیری نوجوان لاپتہ ہیں جن کے بارے میں کوئی اطلاع نہیں کہ وہ زندہ ہیں یا شہید کر دیئے گئے ہیں۔ ہزاروں کشمیری خواتین بیوہ اور بچے یتیم ہو چکے ہیں۔ ہزاروں کشمیری خواتین کی عصمت دری کی گئی۔ ہزاروں کشمیری نوجوان بینائی سے محروم کر دیئے گئے ہیں۔ ہزاروں کشمیری نوجوان اپاہج بنا دیئے گئے ہیں۔ ہزاروں کشمیری گھرانے بے گھر ہو چکے ہیں۔ ہزاروں کشمیری کاروبار تباہ ہو چکے ہیں۔ ہزاروں کشمیری بچے یتیم خانوں میں پرورش پا رہے ہیں۔ ہزاروں کشمیری بچے اپنے والدین کے سایہ شفقت سے محروم ہو چکے ہیں۔ ہزاروں کشمیری بچے اپنے والدین کی محبت سے محروم ہو چکے ہیں۔ ہزاروں کشمیری بچے اپنے والدین کی توجہ سے محروم ہو چکے ہیں۔ ہزاروں کشمیری بچے اپنے والدین کی

بقیہ نمبر 01

کو شعبہ لیڈر شپ اور ورکروں کو ہراساں کرنا ہے بلوچستان اور پانی کی آئی جی عمران خان کھوکھر پر چیئرمین پی ٹی آئی گوہر علی خان کو مک کی فکر ہے، پانی کی حکومت سے تلخی اقدامات اور دہشت گردی کے واقعات پر بھی تشویش ہے، اس سے کارکنان حوصلہ اداروں پر گرویدا ہے، عوامی حمایت کے بغیر فرد اقدامات نہیں کرتی، سابق وفاقی وزیر کہا کہ پانی آئی نے خط میں لکھا کہ ہمیں کارکنوں کی فکر ہے، پانی کے ذکی ایم ایم اکرم اور ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کے اغوا کے بعد ہمیں خدشہ ہے، کیونکہ سیکرٹری آئی جی عمل میں نہیں کرتا، ہمارے کارکنوں کو ہراساں کیا جارہا ہے، ہمیں اطمینان کا کوئی ذریعہ نہیں ملا، ہمارے کارکنوں کو گرفتار کیا جارہا ہے، ہمیں ڈر ہے کہ ہمارے کارکنوں کو جعلی مقدمات میں پھنسایا جائے گا، ہمیں خدشہ ہے کہ ہمارے کارکنوں کو ماورائے عدالت قتل کیا جائے گا، ہمیں خدشہ ہے کہ ہمارے کارکنوں کو جبری طور پر لاپتہ کیا جائے گا، ہمیں خدشہ ہے کہ ہمارے کارکنوں کو ہراساں

تاجروں نے چینی کی ایکسپورٹ پر پابندی کا مطالبہ کر دیا

دسمبر سے چینی کی قیمتوں میں 26 روپے فی کلو کا اضافہ ہو چکا، گزشتہ سال بھی منافع خوروں نے چینی کی قیمت 180 روپے کی بلند ترین سطح پر پہنچا دی تھی

مارکیٹ میں ذخیرہ مافیا سرگرم، مارچ کے ایڈوانس سودے میں بھی سٹہ بازی عروج پر پہنچ گئی ہے، چیئرمین ہول سیل گروسرز ایسوسی ایشن عبدالرؤف

کراچی (ویب ڈیسک) چینی کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے بعد کراچی کے ہول سیل مارکیٹ کے تاجروں نے چینی کی ایکسپورٹ پر پابندی کا مطالبہ کر دیا ہے۔ تاجر یونین ہول سیل گروسرز ایسوسی ایشن عبدالرؤف ابراہیم نے کہا کہ حکومت چینی ملز کے لیے چینی کی ایکسپورٹ پر فوری طور پر پابندی عائد کرے، کراچی کے ہول سیل بازار میں چینی کی قیمت 150 روپے تک پہنچ گئی ہے۔ مارکیٹ میں اچانک مصنوعی سرگرمی کے ایڈوانس سودے میں بھی سٹہ بازی عروج پر پہنچ گئی ہے، مارچ کے ایڈوانس سودے میں چینی کی قیمت 152 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہے، ذخیرہ اندوز اور منافع خور اس صورتحال سے بھرپور فائدہ اٹھا رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال بھی چینی کی قیمتوں میں یہی صورتحال پیدا ہوئی تھی، چینی 160 روپے فی کلو تک فروخت ہوئی تھی، حکومت کو اس مسئلے پر توجہ دینی چاہیے، ہمارے ملک میں 18 کروڑ ٹن چینی کی ضرورت ہے جبکہ ہمارا ملک 50 لاکھ ٹن چینی پیدا کرتا ہے، ہمیں اپنی ضرورت کے لیے 18 لاکھ ٹن چینی درآمد کرنی پڑتی ہے،